13 ستمبر 2019ء

# پریس ریلیز برائے ترسیلاتِ زر

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے جولائی 2019ء کی ترسیلاتِ زر کی رقم 2039.3 ملین ڈالر کے مقابلے میں اگست 2019ء میں 1690.9 ملین ڈالر وطن بھجوائے۔ جو ماہ بہ ماہ بنیاد پر 348.4 ملین ڈالر کی کمی ظاہر کرتا ہے، یہ امر عید الاضحیٰ کے بعد یکبارگی پڑنے والے اثر کا عکاس ہے۔ جولائی تا اگست مالی سال 20ء کے دوران مجموعی طور پر ترسیلاتِ زر کا حجم 3730.2 ملین ڈالر رہا، جو گذشتہ برس کے اسی عرصے کے دوران 4071.1 ملین ڈالر تھا۔

بلحاظ ملک اگست 2019ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 377.58 ملین ڈالر، 348.51 ملین ڈالر، 297.41 ملین ڈالر، 250.20 ملین ڈالر، 158.60 ملین ڈالر، اور 58.14 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ اگست 2018ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 465.53 ملین ڈالر، 473.11 ملین ڈالر، 330.40 ملین ڈالر، 294.90 ملین ڈالر، 193.17 ملین ڈالر اور 59.69 ملین ڈالر تھیں۔ اگست 2019ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 200.42 ملین ڈالر رہیں جبکہ اگست 2018ء میں ان ملکوں سے 272.62 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

******